| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ح‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ’ح‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/بناوٹ سے حرف ’ح‘ لکھ سکیں۔ حرف ’ح‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروف تہجی اُردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ اور اسے لے کر ’چ‘ تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’ح‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف ’ح‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گی۔ بچوں کو اسلام وعلیکم کہہ کر ’ح‘ کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف ’ح‘ ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے۔ حرف ’ح‘ کی آدھی شکل ’ح‘ کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ ’ح‘ حروف تہجی کا دسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے کہ آج ہم حرف ’ح‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ ’ح‘ کے ذخیرہ الفاظ حروف، حلوہ، حجام، حشرات، حمام اور حلوائی فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ح‘ پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا تختہ سفید/سیاہ پر لکیر کھینچ کر حرف ’ح‘ لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ’ح‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 20 کھولنے کو کہا جائے گا کہ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف ’ح‘ پر انگلی پھیریے اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔ حرف ’ح‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر ح حلوہ، حاجی وغیرہ۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں حلوہ میں رنگ بھرنے اور حرف ’ح‘ کی آدھی اور اور شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 20 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف ’ح‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ح' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے حرف 'ح' لکھ سکیں۔ حرف 'ح' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حروف تہجی اردو کے" نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ح' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ح' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو مختلف حروف کے فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ مختلف حروف ہیں۔ ہم اُردو میں حروف پڑھتے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف کی ابتدائی آواز 'ح' کی ہے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ وہ بتائیں کہ ان کے نام کا پہلا حرف کیا ہے؟ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے 'ح' کی پوری اور آدھی شکل بنوائیے۔ اس کی مشق دو سے تین بار کروائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ح' کے تین کٹ آؤٹس اور نقطوں کے کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ح' اور نقطوں کو میز پر رکھیں۔ اور ج، چ، ح کے نقطوں کو لگانے کی مشق کریں۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں حروف میں رنگ بھرنے اور 'ح' کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر 'ح' کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>پی پی ٹی<br>کٹ آؤٹس اور نقطے<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ح' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت / بناوٹ سے حرف 'ح' لکھ سکیں۔حرف 'ح' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ح' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حلوہ کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے کس کس کو حلوہ کھانا پسند ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حلوہ مختلف چیزوں کا بن سکتا ہے۔ جیسا کہ سوجی کا حلوہ، دال کا حلوہ، کدو کا حلوہ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حلوہ کی ابتدائی آواز 'ح' کی ہے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ح' بنایے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ طلباء کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر پلے ڈو اور سادہ کاغذی ٹکڑے رکھ دیجیے طلباء پلے ڈو کی مدد سے حرف 'ح' کی پوری اور آدھی شکل بنانے کی مشق کریں گے۔ بچوں کو ورک شیٹ مہیا کی جائے گی جس میں حجام میں رنگ بھرنے اور حرف 'ح' کی آدھی شکل 'ح' پر پینسل پھیرنے میں مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | پلے ڈو، ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حاجی، حجاب اور حلوہ کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔<br>**ہوم ورک:**<br>کاپی میں چسپاں حشرات میں رنگ بھریئے اور 'ح' کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ح‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ح‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/بناوٹ سے حرف ’ح‘ لکھ سکیں۔حرف ’ح‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ح‘ کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔اس کے تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف ’ح‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ح‘ کے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے حشرات ،حمام ،حجام اور حلوائی کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ان کے نام بتائے جائیں گے۔بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سادہ کاغذ اور رنگین پینٹ دے کر برش کی مدد سے کاغذ پر مختلف حروف ( ا ت ا ح ) لکھنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 21 کھولنے کو کہا جائے گا۔اور پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف ’ح‘ کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے۔نیچے دی گئی ’ح‘ کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | سادہ کاغذ رنگین، پینٹ<br>کتاب صفحہ نمبر 21 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حجام ،حمام اور حلوائی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ح' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/بناوٹ سے حرف 'ح' لکھ سکیں۔حرف 'ح' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو'ا تا ح' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حاجی اور حجاب کے بارے میں بات کریں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ مسلمان حج کرنے اللہ کے گھر جاتے ہیں ان حاجی کہا جاتا ہے۔ وہاں موجود عورتیں حجاب کر کے اپنے سر کو ڈھانپ کر رکھتی ہیں۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حاجی اور حجاب کی ابتدائی آواز 'ح' کی ہے۔بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ح' کی پوری اور آدھی شکل کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ح' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>اختتامیہ:<br>بچوں سے 'ح' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی میں حرف 'ح' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈز<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |